© rasailojaraid.com

**سہ ماہی "تحقیقاتِ اسلامی"** مدیر سید جلال الدین عمری ۔ نگران مولانا صدر الدین اصلاحی ۔ ناشر: ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی، پان والی کوٹھی علی گڑھ (بھارت) ۔ فی شمارہ ۵/- روپے سالانہ (پاکستان کے لیے) ۵۰/- روپے (ترسیل بذریعہ ہوائی ڈاک)

بے حد مسرت کا مقام ہے کہ یہ رسالہ ایک طرف اسلام کا خادم ہے اور دوسری طرف اردو کا۔ جلد اوّل کا شمارہ اوّل ہمارے سامنے ہے ۔ اس میں حسبِ ذیل مضامین ہیں:۔

قرآن و حدیث کے عنوان سے "قصّہ آدم و حوا" ۔ بعد ازاں "تاریخ اسلام میں شانِ نزول کی اہمیت"، "وہ نبی جس کا انتظار تھا"، "مسلمان باپ کی ذمہ داریاں"، "تصورِ مساوات کا پس منظر"، "کمزوروں کے مسائل اسلام نے حل کئے ہیں" اور تلخیص کے باب میں "تعدّدِ ازدواج پہ پابندیوں کا مسئلہ"، آخر میں تبصرے ۔ تمام مقالات اصحابِ علم و تحقیق کے پیش کردہ ہیں۔ اس رسالے کو دیکھ کر اُمید بندھتی ہے کہ انشاء اللہ اسلامی علوم میں تحقیق...... اور غیر اسلامی افکار پر اسلامی نقطۂ نظر سے عالمانہ تنقید کے کام کا سرچشمہ علی گڑھ سے جاری ہوگا ۔

---

**پندرہ روزہ اسلامک موومنٹ** مدیر دانش فلاحی ۔ مقام اشاعت ۱۵۱/ج ذاکر نگر نئی دہلی قیمت فی پرچہ ۱/۲۵ روپے ۔ سالانہ ۲۵/- روپے (بھارت میں)

نوجوانوں کا یہ رسالہ "اسلامک موومنٹ" کا ترجمان ہے ۔ مندرجات کا رجحان اسلامی تعمیری ہے ۔ ہمارا خیال ہے کہ بھارت میں مسلمانوں کو چھوٹے چھوٹے متفرق رسائل کے بجائے دو تین اچھے مضبوط میگزین چلانے چاہئیں ۔

---

**کالج میگزین، پندرھویں صدی نمبر** مدیر نسیم اختر ۔ ناشر: گورنمنٹ اسلامیہ آرٹس کامرس کالج، پوسٹ گریجوایٹ سنٹر، سکھر ۔

نوجوانوں کے علمی و ادبی کاموں سے مجھے خاص دلچسپی ہے، کیونکہ یہی کل ہمارے عالمِ افکار کے چاند ستارے ہوں گے ۔ کالج میگزین کا یہ خصوصی نمبر بہت دیدہ زیب بھی ہے اور اس میں موادِ مطالعہ بھی خاصا دلکش ہے ۔ اردو، سندھی اور انگریزی تینوں زبانوں میں مضامین جمع کیے گئے ہیں ۔

© rasailojaraid.com